اور ردّ مذہب شیعہ پر ایک کتاب «معرکہ آراء» لکھ کر کانپور سے پادشاہ وقت کی خدمت میں لاہور بھیجی - میرزا امیر علی لاہوری نے مذکورہ کتاب کا جواب بنام «معرکہ شکن» لکھا آخر میں سنیّ مجتہدین اور محدثین کے بارے میں تین فصول کا اضافہ کیا ہے - یہ کتاب ۱۲۳۹ ھ کے بعد تالیف ہوئی -

مخطوطہ نمبر ۲۳۳۰ : نستعلیق عنوانات سرخ ہیں - پہلے صفحہ پر کتابخانۂ سید ابو جعفر کی مہر ثبت ہے - ۲۳۸ اوراق ، ٢٦ سطور - (بحوالہ ص ۲۵).

۵ - برہان بن حسن نتھر نگری بیجاپوری (تیرھویں صدی ھجری).
تزوک والا جاھی (تاریخ - فارسی) .

نواب کرناٹک آصف الدولہ والا جاہ محمد علی انور الدین بن ابو المظفر جلال الدین شاہ کے اجداد ، اُس کے عہد اور کرناٹک کی تاریخ ہے - اس کا ایک حصہ ۱۲۰۰ ھ میں لکھا گیا - (احمد منزوی : فہرست نسخۂ خطی فارسی ٦ : ۴٦٣۵ ، محمد اشرف ، فہرست مخطوطات فارسی سالار جنگ میوزیم و کتب خانہ ۱ : ۴۰۴).

مخطوطہ نمبر ۲۷۲٦ : نستعلیق ، ۱۱۹۸ ھ (گویا کتاب کا آخری حصہ مکمل ہونے سے دو سال پہلے کی کتابت ہے - نسخہ کے شروع اور آخر میں «حسام اللہ خان بہادر مہر عدم تبدیل» اور نظام الدولہ حسام اللہ خان منزوی» کی مربع مہریں ثبت ہیں - پہلے آٹھ صفحات منقش ہیں - ١٦٠ اوراق ، ١٦ سطور - (بحوالہ ص ۹۰ - ۲۸۹) .

٦ - حزمیا (دسویں - گیارھویں صدی ھجری).
منظومہ در لُغت (لُغت - فارسی)

«نصاب الصبیان» کی تقلید میں ترکی الفاظ کے قزلباش لہجہ کا منظوم فرہنگ ہے - ناظم نے یہ کتاب محمد قلی قطب شاہ (۹۸۹ - ۱۰۲۰ ھ) کے نام پر تالیف کی -